الجامعة البنورية العالمية
متصل سائٹ تھانہ - پی او بکس نمبر ۱۰۶۹۸ کراچی پاکستان
دار الافتاء والقضاء
2564586 فیکس 2560300-2560400 فون: www.jamiabinoria.net ویب سائٹ: darulifta@gmail.com ای میل:

Name :> **Hajji ajmal khan**
Address :> **orangitown karachi**
Subject :> **AQAID**
Writer :> راشد بشیر

Serial No :> **10123**
Fatwa No :>
Date :> **11/6/2010**
Email :>

Â Â Â Â Assalam -o-alekomÂ
Â Â Muffte sahib kiya farmaty ha ulmakaram as masla k bary may

Â Â may gahreyouÂ ka karo bar qesto far krta hu yaneyÂ

1. gare ki kul Qemat 50,0000 rupey jas may say addvance 10,0000

Â Â Â Baqi raqamÂ (40,0000 rupay per 100%ya 70% )k Hesab say munafaÂ

Â Â Â Lga kar as ki kol Qemat 900000 rupey hujaty hayÂ

Â Â Â Ab ye Raqam mahwar Qesto per yane 10000 / 20000 ka hasab sayÂ

Â Â Â laty hay
2,Â Â Â Gare ka chabe our Gare chalany k kagzat aun k hawalay krtay hayÂ

Â Â Â Â Â malkana huquq k kagazat Apnay pass rakthy hay k jab qesty khtamÂ

Â Â Â Â Â Ho ge tu kagazat per day tahy he.

3.Â Â Â as doran gare guom hujay ya jal jay tu as kaÂ deya howa raqam aur mera baqiÂ

Â Â Â Â Â Â Â as per khatam hujata hay .
Â Â Â Â Â Â kiya sheray lahaz say ye karobar durost ha ya nahe agar nahey toÂ

Â Â Â Â Â Â as kam ko sheray tur per krny ka tareqa batayÂ Â shokreyaÂ

faqat wasalam Ajmal khanÂ
Â Â Â Â Â Â Â Â Â Â Â Â Â Â Â

میں گاڑیوں کا کاروبار قسط وار کرتا ہوں۔
① گاڑی کی کل قیمت 50,0000 جس میں سے معجل 10,0000 باقی رقم 40,0000 روپے پر 100% یا 70% کے حساب سے منافع لگا کر اسکی کل قیمت 90,0000 روپے ہو جاتی ہے اب یہ رقم ماہوار قسطوں میں 10,000 یا 20000 کے حساب سے لیتے ہیں ② گاڑی کی چابی اور گاڑی چلانے کے کاغذات ان کے حوالے کرتے ہیں۔ مالکانہ حقوق کے کاغذات اپنے پاس رکھتے ہیں کہ جب قسطیں ختم ہوں گی تو کاغذات دیتے ہیں۔ ③ اس دوران گاڑی گم ہو جائے یا جل جائے تو اسکی دی ہوئی رقم اور میری بقیہ اس پر ختم ہو جاتی ہے۔ کیا شرعی لحاظ سے یہ کاروبار درست ہے یا نہیں؟ اگر نہیں تو اس کام کو شرعی طور پر کرنے کا طریقہ بتائیے۔

الجواب حامداً ومصلیاً
مذکور کاروبار میں اگر اضافی قیمت بقیہ رقم کے تناسب سے لگائی جاتی ہو تو یہ شرعاً

سود کے زمرے میں آتا ہے۔ نیز جب مالک نے گاڑی بیچ دی تو وہ رقم کا حقدار ہے، چاہے گاڑی کسی واقعہ کے نتیجہ میں ختم اور ضائع ہوجائے یا وہ خود اپنے عمل سے اسے ضائع کردے جل جائے یا گم ہوجانے کی صورت میں مالک پر نقصان کو لازم کرنا بھی شرعًا درست نہیں اس لئے اس کی بہتر صورت یہ ہے کہ بقیہ رقم کے تناسب سے اضافہ کرنے کے بجائے گاڑی پر منافع لگا کر خرید و فروخت کا معاملہ کیا جائے اور پھر نقصان ہوجانے کی صورت میں یہ رقم اس پر لازم کرنے کے بجائے اگر وہ اس نقصان کو معاف کردے یا خریدار کو مہلت کا پابند کیا جائے تو زیادہ بہتر ہوگا۔

کما فی الدر: وفی الاشباہ کل قرض جر نفعا حرام الخ (ص۱۶۶ ج۵)۔

وفی المبسوط: واذا عقد علی انہ الی اجل کذا بکذا وبالنقد بکذا (الی قولہ) فھو فاسد لانہ لم یعاطہ علی ثمن معلوم (الی قولہ) وھذا اذا افترقا علی ھذا فان کان یتراضیا بینھما ولم یتفرقا حتی قاطعہ علی ثمن معلوم واتما العقد علیہ فھو جائز لانھما افترقا الا بعد تمام شرط صحۃ العقد الخ (ص۸ ج۱۳)۔

وفی الھندیۃ: حط بعض الثمن صحیح ویلتحق باصل العقد عندنا کالزیادۃ سواء بقی محلا للمقابلۃ وقت الحط او لم یبق محلا الخ (ص۱۴۳ ج۳)۔

وفی الدر: وحکمہ ثبوت الملک، وفی الشامیۃ تحت (قولہ وحکمہ الخ) ای فی البدلین لکل منھما فی بدل الخ (ص۵۰۶ ج۴)۔ واللہ اعلم بالصواب

راشد البشیر عفی عنہ

دار الافتاء جامعۃ بنوریۃ کراچی

۱۵ رجب المرجب ۱۴۳۳ھ۔

الجواب صحیح
[illegible]
دار الافتاء جامعۃ بنوریۃ
۱۸ رجب المرجب ۱۴۳۳ھ

الجواب صحیح
عبداللہ شوکت [illegible]
دار الافتاء جامعۃ بنوریۃ
۱۸ رجب ۱۴۳۳ھ

نائب رئیس
دار الافتاء جامعۃ بنوریۃ العالمیۃ

رئیس
دار الافتاء جامعۃ بنوریۃ العالمیۃ

دار الافتاء
۱۰۱۲۳
۲۶/۶/۱۴۳۳ھ
جامعۃ بنوریۃ العالمیۃ

[illegible]
17/6/12